SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, June 16, 2005

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at ten minutes past six in the evening with Mr. Presiding Officer (Dr.Khalid Ranjha) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وکل انسان الزمنہٗ طیرہ فی عنقہ و نخرج لہ یوم القیمۃ کتٰباً یلقہ منشورا۔ اقرا کتٰبک کفیٰ بنفسک الیوم علیک حسیباً۔ من اھتدی فانما یھتدی لنفسہ ومن ضل فانما یضل علیہا ولا تزر وازرہ وزر اخرٰی وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا۔ وانا اردنا ان نھلک قریۃ امرنا مترفیہا ففسقوا فیہا فحق علیہا القول فدمرنہا تدمیراً۔

ترجمہ، اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو (بہ صورت کتاب) اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے۔ اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اسے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا۔ (کہا جائے گا کہ) اپنی کتاب پڑھ لے ۔ تو آج اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے ۔ جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے تو اپنے لئے اختیار کرتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی کا ضرر بھی اسی کو ہوگا اور کوئی شخص

کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ اور جب تک ہم پیغمبر نہ بھیج لیں عذاب نہیں دیا کرتے۔ اور جب ہمارا ارادہ کسی بستی کے ہلاک کرنے کا ہوا تو وہاں کے آسودہ حال لوگوں کو (فواحش پر) مامور کردیا تو وہ نافرمانیاں کرتے رہے پھر اس پر (عذاب کا) حکم ثابت ہو گیا۔ اور ہم نے اسے ہلاک کر ڈالا۔ (سورۃ الاسراء آیت ۱۳ تا ۱۶)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! میں اس ایوان کی توجہ آپ کے توسط سے دو خبروں کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ ایک خبر لاہور پولیس کے رویہ سے دلبرداشتہ شخص کے گورنر ہاؤس کے سامنے خود کو آگ لگانے کی ہے۔ خبر کے مطابق گورنر ہاؤس لاہور کے باہر شجاع آباد ملتان کے رہائشی غلام اصغر نے بیوی اور بچی کے اغواء کے مقدمے میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں اپنے اوپر تیل چھڑک کر آگ لگا لی۔ خبر یہ ہے کہ اس کا 80% جسم جل گیا تھا اور اس کی حالت نازک تھی، ممکن ہے کہ اب تک مر بھی چکا ہو۔ یہ تو ایک خبر ہے جناب! اسی اخبار' جنگ راولپنڈی کے back پر دوسری خبر ہے جو کہ اس سے بھی زیادہ اہم ہے کہ عارف والا میں نوجوان لڑکی پر 7 افراد کا تشدد؛ بازار میں برہنہ کر کے شرمناک سلوک، ملزمان کو شبہ تھا کہ لڑکی کے بھائی کے ان کی ایک خاتون کے ساتھ تعلقات ہیں۔ بیوہ والدہ پر بھی تشدد کیا گیا اور یہ بھی information ہے کہ ابھی تک اس case میں بھی کوئی action نہیں لیا گیا اور ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا اور کوئی کارروائی عمل میں نہیں آئی۔ جناب! یہ دونوں واقعات اس صوبے میں پیش آئے ہیں جہاں literacy rate دوسرے صوبوں کی نسبت زیادہ ہے اور اس کو بڑا بھائی ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ان دونوں شرمناک واقعات میں سے ایک تو Provincial capital میں اور دوسرا عارف والا میں پیش آیا ہے۔ دونوں خبریں ایک دوسرے سے بدتر ہیں۔ ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا مقصود تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی میر ہیم خان بلوچ صاحب۔

سینیٹر میر ہیم خان بلوچ: جناب چیئرمین! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حاجی میران جان، جن کا تعلق بلوچستان، کوئٹہ سے ہے، 1996 میں---

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد حزب اختلاف): پہلے question hour لے لیں اور پھر اس کے بعد point of order پر بات کریں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر: آپ تشریف رکھیئے۔ ان کو پورا کر لینے دیجئے۔

جناب مہیم خان بلوچ: مہربانی۔ 1996 میں یہ ویزا لے کر سعودی عرب گئے، وہاں انہوں نے دو سال گزارے، باقاعدہ ملازمت کی اور ملازمت کے علاوہ وہ کچھ نجی کام بھی کرتے تھے۔ قانون کے مطابق جب کوئی وہاں پہنچتا ہے تو اس کا پاسپورٹ جمع ہو جاتا ہے اور جب تک واپس نہیں آتا پاسپورٹ وہیں جمع رہتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ میرے دو سال ہوئے تھے کہ مجھے بغیر کسی notice, بغیر کسی سلسلے کے میرا پاسپورٹ دیئے بغیر، میرے کاغذات دیئے بغیر، جہاں میری ملازمت تھی وہاں سے میری مجموعی ادائیگی کے بغیر مجھے 24 گھنٹے وہاں رکھا اور پھر مجھے deport کر دیا گیا۔ اس مہینے انہوں نے یہاں بھوک ہڑتال بھی کی ہے اور بہت سے احتجاج بھی کئے ہیں، اخبارات کے through بھی انہوں نے اس زیادتی پر احتجاج کیا ہے۔ وزارت خارجہ میں اور OPF میں ان کا case ہے لیکن اس کے باوجود اس شہری کی آج تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ میں اس ایوان کے through گزارش کرتا ہوں کہ وزارت خارجہ کو پابند کیا جائے کہ وہ سعودیہ گورنمنٹ سے اس case کی رپورٹ طلب کرے تاکہ ان کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے اس کا ازالہ ہو۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Now, coming to the Question Hour, there has been a request from the National Assembly that on account of today's business over there, cut motions voting, the Ministers say that they will not be available to answer these questions. Is it possible that we can consider these starred questions, unstarred questions, it is up to the House, I suppose, the rules don't warrant this, may be, I am not aware of that

رضا ربانی صاحب شاید اس پر روشنی ڈال سکیں۔

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Yes sir.

Mr. Presiding Officer: This is a request from the Speaker of the House.

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Yes sir, there is no harm the Ministers are very much there to vote for or against any motion or any cut motion, their questions can be deferred but it is not possible that the starred questions should be dealt in the form of unstarred questions.

Mr. Presiding Officer: I straight away made a confession, I am not aware but I could not find out a provision.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I agree 100% with what Mr. Bhinder has said and I had earlier on made a request to the honourable Minister for Parliamentary Affairs and it seemed to me that he had conceded. Sir, I said, if all the Ministers cannot be present, we do understand then at least one or two of the Ministers should be present because throughout this Session, we have not had Question Hour. Earlier it was the matter of the Budget being taken up by the Senate and then subsequently other technical hitches came up in as much as the printing. So, if one or two Ministers could come and then....

Mr. Presiding Officer: You have mixed me that why was this request sent, if it is not possible, so, I was not too sure. No, the issue was that convert these into unstarred questions.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, that cannot be done, I

would not try to comment on the observations of the Speaker but I think, ifone or two Ministers can come, if you could ask the Minister for Parliamentary Affairs then it is alright otherwise then we will defer them so there is no other way.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ان کی بات سن لیں which is the way out.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، اگر اجازت ہو تو I do agree with the Leader of the Opposition, that should be deferred in such a way by your order with the consent of this august House that the questions shall be answered accordingly

تو یہ possible ہے اور اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder: Sir, it is not possible, not permissible because I had given a notice of a question, of a starred question to ask the supplementaries as well, I had not asked the question. Unstarred question defer

کر دیں۔

Sir, that is possible but so far as the Ministers are concerned, they can very well answer the question today which are on the list for today.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، چار وزیر required ہیں، ان میں سے ڈاکٹر صاحب یہاں پر بیٹھے ہیں، مجھے عبدالحفیظ شیخ صاحب بھی یہاں پر نظر آرہے تھے، sir ٹھیک ہے۔

Mr. Presiding Officer: He wanted to go back.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، ان کی وہاں پر کوئی ضرورت بھی نہیں ہے تو he is Senator, he can sit here. sir, باقی دو وزیر رہ جاتے ہیں، ایک میڈم حنا ربانی کھر اور دوسرے ہمایوں اختر صاحب، اگر وہ تھوڑی، تھوڑی دیر کے لئے آئیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا

Question Hour پورا ہو جائے گا، اگر وہ نہیں بھی آتے تو I think کہ اگر ڈاکٹر صاحب بیٹھے رہیں اور شیخ صاحب بیٹھے رہیں، سارے question cover ہو جائیں گے۔ آپ باقی defer کر دیں۔

Mr. Presiding Officer: Let us have a consensus, do you want this part of the business to be deferred to Monday.

Senator Mian Raza Rabbani: No sir, it can not be deferred to Monday because Monday will be Private Members' Day and the questions cannot be taken up. I think, what we had suggested earlier two Ministers to whom questions pertain are present in the House, they can answer them and if the other two Ministers can come for a short while, fair enough. Otherwise, these questions could stand deferred and the questions of Sheikh sahib and Dr. sahib can be taken up.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، نہیں sir, میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، جی، جی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کہ all to go back, now my colleague has come and I have been asked by the Prime Minister to come back اور اسی لئے I made a request that they should be deferred to the next rota day....

سینیٹر میاں رضا ربانی، شیخ صاحب کے جو questions ہیں ان کو take up کر لیتے ہیں باقی جو ہیں ان کو defer کردیں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: We have to go back just now. Our Minister of State for Law has come for this reason.

سینیٹر میاں رضا ربانی، چلیں جی سارے ہی defer کردیں۔ سارے defer کردیں۔

Then also you will kindly look into this because I think the House would

perhaps be prorogued either on Monday or on Tuesday. Since we are dealing with the questions hour, then I would also make a request that the notices that have been given, they should be treated as renewed for the next session and that fresh notices would not be required.

Mr. Presiding Officer: That is fair enough but I think and you are abhorrent to date in office.

Senator Mian Raza Rabbani: Date in. I am not asking for the date in office.

Mr. Presiding Officer: You are abhorrent to it. You don't like it. Honourable Senator Latif Khosa

جو ٹیں۔

(Pause)

Mr. Presiding Officer: Now can we take up the Leave Applications, please?

Senator Mian Raza Rabbani: First sir, mention about the questions so that it becomes and forms part of the record. Then thesequestions have been deferred and that fresh notices would not be required for the questions which are already printed.

Mr. Presiding Officer: So, in view of the House consensus, these questions are deferred and they should be taken up in the next session without fresh notices.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, all the questions, not just these questions.

Mr. Presiding Officer: Yes, all the questions. I stand corrected. Now we will take up the Leave Applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب ایس۔ ایم۔ ظفر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ ۱۶ جون کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر مورخہ ۱۶ تا ۱۸ جون اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ انجینئر امیرمقام وزیر مملکت پانی و بجلی نے اطلاع دی ہے کہ وہ صوبہ سرحد کے سرکاری دورے پر ہیں۔ اس لئے وہ آج مورخہ ۱۶ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔

Mr. Wasim Sajjad (Leader of the House): The Senators say today that if the budget is going and the Ministers are busy there and would have the same situation tomorrow, then instead of the same problem coming up tomorrow, I would request that questions for tomorrow may not be printed and they may also be deferred and taken up along with the other questions.

Mr. Presiding Officer: That is fair enough. So, the questions sought to be produced tomorrow shall also be deferred in the same manner and no notice will be required. Now we come to Prof. Sahib.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب والا! میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ میں نے دو Privilege motions بھیجی ہیں۔ Privilege motion کے بارے میں یہ بات متفق علیہ ہے that it would have precedence on all other business لیکن مجھے دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک یہ House میں نہیں آئیں۔ کیا آپ اس معاملے میں کوئی ruling دے سکتے ہیں

کہ privilege motion کو اس طریقے سے delay کرنا پارلیمانی آداب ہی نہیں rules کے بھی خلاف ہے۔

Mr. Presiding Officer: Can I get that till tomorrow? Yes, Prof. Ghafoor Sahib.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب چیئرمین! میں نے گزشتہ دن بھی عرض کیا تھا کہ ملک کا سب سے اہم شہر کراچی ان دنوں بدامنی کی لپیٹ میں ہے اور میرا خیال یہ تھا کہ میری گزارشات کے بعد وفاقی اور صوبائی حکومتیں اس بارے میں موثر اقدامات کریں گی کہ وہاں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو لیکن جناب چیئرمین! پچھلے چند دنوں سے وہاں مستقل طور پر دو گروہوں کے درمیان فائرنگ ہو رہی ہے۔ کل بھی یعنی بدھ کی رات کو رات گئے بہت دیر تک ریڈیو پاکستان کے سامنے firing ہوئی اور اس میں دو نوجوان اپنی جان کھو بیٹھے اور یہ صورتحال مسلسل چل رہی ہے ۔ جناب چیئرمین! اگر کراچی جیسے شہر میں امن و امان قائم نہیں ہوتا' اگر جنرل مشرف صاحب آسٹریا جانے کے بعد لوگوں کو اس بات کی دعوت دیتے ہیں کہ آپ پاکستان میں آئیں اور سرمایہ کاری کریں تو جب تک امن نہیں ہوگا' مجھے بتائیے کون یہاں آئے گا۔ پاکستان کے لوگ میں نے عرض کیا ہے کہ خود کراچی کی صنعتیں اجڑ رہی ہیں ' وہاں سے دوسرے صوبوں میں منتقل ہو رہی ہیں اور ظاہر ہے کہ نیا سرمایہ کار آنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ حکومت کا یہ فرض ہے کہ کراچی جیسے اہم شہر میں امن و امان قائم کرے ورنہ اس کے اثرات تمام ملک کی معیشت پر اور سیاسی صورتحال پر پڑیں گے۔ میں آپ کی وساطت سے پھر اس بات کی التجا کرتا ہوں کہ آپس میں مسلسل فائرنگ ہو رہی ہے اور وہاں اتنی رینجرز ہے' پولیس ہے' اتنا بھاری سرمایہ آپ خرچ کرتے ہیں' اس کے باوجود وہاں امن قائم نہیں ہو رہا ہے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب فرحت اللہ بابر۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ ایک خبر کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ اس طرح کی خبریں تو وقتاً فوقتاً چھپتی ہیں لیکن میرا خیال

ہے کہ باضابطہ ایوان کی سطح پر نوٹس نہیں لیا گیا اور میں یہ ہاؤس کے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں۔ عنوان ہے راولپنڈی، حساس ادارے کے ملازم سے بھاری دھماکہ خیز مواد برآمد۔ پولیس نے گرفتار شخص و ملٹری پولیس کے حوالے کر دیا اور اگر آپ کی اجازت ہو تو اس میں سے تھوڑا سا اقتباس پڑھ لوں۔ "پیرودھائی پولیس نے مذکورہ شخص کے خلاف Explosive Act کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پیرودھائی پولیس جنرل بس سٹینڈ پر موجود تھی کہ سادہ کپڑوں میں ملبوس پولیس اہلکار نے مظفر آباد سے آنے والی ایک بس کے مسافر کو مشکوک جان کر چیک کیا تو اس کے پاس سامان سے ایک کلو گرام دھماکہ خیز مواد (سرکٹ بریکر) اور دیگر سامان برآمد ہوا"۔ Important sentence جناب چیئرمین! یہ ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا ہے کہ اس کا نام امتیاز حسین ولد شاہ احمد ہے اور وہ حساس ادارے میں ملازم ہے۔ میں یہ cutting ریکارڈ پر رکھنا چاہتا ہوں، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس طرح کی خبریں وقتاً فوقتاً چھپتی رہتی ہیں، pursue نہیں ہوئیں اور اس ایوان میں کئی بار یہ مسئلہ اٹھایا گیا ہے کہ ہمارے حساس ادارے کس قانون کے تحت operate کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرے پاس اسی سینیٹ کی 8th September, 1994 کی کارروائی کی اور یہ Standing Committee رپورٹ ہے جو اس ایوان میں پیش ہوئی ہے، اس Standing Committee کے چیئرمین اور ایک فاضل ممبر مولانا سمیع الحق صاحب اور پروفیسر ساجد میر صاحب اب بھی اس ایوان میں موجود ہیں۔ اس رپورٹ کا محرک ایک تحریک تھی کہ پاکستان کے اندر جو [illegible]arian clashes ہیں، ان پر یہ کمیٹی بحث کرے اور recommendations دے۔ اس رپورٹ سے ص[illegible] میں پڑھتا ہوں۔

According to the Standing Committee of the Sena[illegible] [illegible]e major cause is the involvement of Pakistani and foreign in[illegible] agencies in the sectarian clashes in the country.

اور دوسری جگہ پر No.12 [illegible] میں کہا ہے۔

There should be strict vigilance by the Government on our own agencies like MI, ISI, IB and FIA for their involvement in sectarian clashes.

میں آپ کی توجہ سینیٹ کی رپورٹ 1994 اور اس خبر کی طرف دلاتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے کہ یہ جو خبر چھپی ہے اس کو باقاعدہ pursue کیا جائے تاکہ جو شکوک اور غلط فہمیاں ہیں وہ دور ہو جائیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ پروفیسر خورشید احمد۔

POINTS OF ORDER

RE: ROLE OF AGENCIES IN EXISTING LAW AND ORDER SITUATION IN SINDH.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: بہت شکریہ۔ جناب! یہ بڑا ہی اہم معاملہ ہے اور ملک کی agencies اگر خدانخواستہ، میں deliberately خدانخواستہ استعمال کر رہا ہوں، involved ہیں ان چیزوں کے اندر۔ اس کے بعد بڑے ہی serious سوال پیدا ہوتے ہیں پورے نظام governance کے بارے میں، ان agencies کی credibility اور ان کے role کے بارے میں اور میں اضافہ کرنا چاہتا ہوں جو بات میرے بھائی نے ابھی کہی ہے کہ جب ہم سندھ کے حالات کا جائزہ لے رہے تھے 1980 میں، احمد میاں سومرو صاحب سینیٹر، اس کمیٹی کے چیئرمین تھے اور میں اس کی Drafting Committee کا Head تھا۔ ہمیں ایک بار نہیں متعدد بار اپنی investigation کے دوران یہ بات کہی گئی حتیٰ کہ حکومت کے ذمہ دار افراد نے جن میں پولیس اور bureaucracy دونوں کے top کے نمائندے تھے، انہوں نے یہ بات کہی کہ جو حالات سندھ میں رونما ہوئے ہیں، کراچی میں رونما ہوئے ہیں ان کے بارے میں agencies کی involvement ایک serious issue ہے اور ہم نے اپنی report میں اس کو refer بھی کیا ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ بات چاہے 1980 کی ہو، 1990 کی ہو، بعینہ وہی چیزیں ہو رہی ہیں۔ اس کے صاف معنی یہ ہیں کہ ملک میں لاقانونیت ہے۔ ٹھیک ہے اس میں کچھ مجرم involve ہوں گے لیکن اس میں بیرونی اور اندرونی دونوں agencies کا ہاتھ ہے اور اس وقت تک اس ملک میں امن قائم نہیں ہو سکتا، good governance نہیں آ سکتی، لوگوں میں اپنی جان و مال کے بارے میں تحفظ جیسی چیز کا احساس پیدا نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس معاملے کو

properly investigate کر کے اور پھر خاص طور پر اس میں جو agencies involved ہیں' ان کے ہاتھ باندھے جائیں' ان کے ہاتھ کاٹے جائیں' اس کے بغیر اس ملک میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ یہ اپنی constitutional limit سے آگے بڑھ رہے ہیں اور امن و امان قائم کرنے کی بجائے امن و امان کو تباہ کرنے والی قوت بن گئے ہیں۔ اس لیے ان کو لگام دینا' اس کو control کرنا از حد ضروری ہے۔اس کے evidence ا گر آپ چاہیں تو وہ report نکلوا کر دیکھ لیجیئے سندھ کے حالات کے بارے میں' ہمیں ایک دفعہ نہیں متعدد بار یہ بات کہی گئی' ہم نے اس کو record کیا لیکن اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، ڈاکٹر محمد ساجد۔

RE: A NEWS ITEM ABOUT RECOGNITION OF THE STATE OF ISRAEL.

Senator Dr. Muhammad Said: Mr. Chairman, I would like to draw your kind attention to some of the rumours in the capital. These rumours sir, are not without any basis, and not without any reason. The rumours are sir, that very soon the Government of Pervaiz Musharraf is going to recognise the State of Israel and there is a good basis for this. Firstly sir, there are reports in the Press that the Federal Agency has requested for the acquisiton of the services of some of the Israeli experts in the investigation of some of the terrorist activities. Secondly sir, there is a news item that was printed in May this year that Pervaiz Musharraf is going to play the role of a middle man, the role of a mediator between Palestine and the State of Israel.

Sir, you cannot play the role of a mediator and a middle man unless you have the confidence of the two parties. Yes, we are on friendly

terms with Palestinian State, but have not recognized Israel. You can have the confidence of Israel only and only if you recognize this State.

Thirdly sir, in May this year there was a very detailed report on the very prestigeous German weekly 'Der Speagle' about the interview that Pervaiz Musharraf gave to the representative of that magazine. In that interview Mr. Chairman, Pervaiz Musharraf showered tribute and praises on the Prime Minister, Sharon. He was termed as a great leader and as a brave man. Sir, this is despite of the fact that when Sharon was the Defence Minister in 1984, he was responsible for the brutal killings of more than three thousand innocent Palestinian men, women and children in the refugee colonies of Sabra and Shatila. Sir, how a callous man like Sharoon be called as a great leader and a brave man.

Sir, with your permission, the Senate would like to know as to whether or not there is any truth in the rumour that Pervaiz Musharraf's Government is going to give recognition to the illegal and illegitimate state of Israel. Thank you.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Mr. Haji Liaqat Ali Bangulzai Sahib.

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی، جناب چیئرمین! شکریہ - میں آپ کے توسط سے حکومت وقت کی توجہ ان غریب ملازمین کے رہائشی مسائل کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جنہیں شہری اور دیہی category میں تقسیم کردیا گیا ہے اور اس طرح انہیں مکانات کی hiring کے لئے بھی دو categories میں تقسیم کر دیا ہے۔ جناب والا! ملازم after all ملازم ہے۔ خواہ اس کا تعلق دیہات سے ہے یا شہر سے۔ سب کی ضروریات زندگی ایک جیسی ہوتی ہیں۔ وہ ملازم جو

دیہات میں رہتے ہیں' ان کے بال بچوں کو بھی روٹی چاہئیے اور سر چھپانے کے لئے چھت کی ضرورت ہوتی ہے۔ تعلیم، صحت اور دیگر سہولتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ علیٰ ہذالقیاس جو ضرورتیں اور سہولتیں شہری ملازم محسوس کرتے ہیں' وہی دیہاتی ملازم بھی محسوس کرتے ہیں۔

جناب والا! حال ہی میں گورنمنٹ کی طرف سے ایک ایسا حکم نامہ جاری کیا گیاجس کے تحت کم درجے کے ملازمین کو اگر اسلام آباد شہر میں رہائش کے لئے مکان نہیں ملتا ہے تو وہ شہر سے باہر rural area میں اپنے لئے مکان تلاش کر سکتے ہیں لیکن انہیں hiring rate شہری ملازمین سے بہت کم دیا جائے گا۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ جو ملازمین اسلام آباد میں آکر اپنے دفتر attend کرتے ہیں---

Mr. Presiding Officer: Please, come to the point of order.

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی: جناب والا! میرا point of order یہ ہے کہ وہ ملازم جن کی ceiling چار ہزار تک ہوتی ہے' انہیں ایک درجہ کم hiring دی جاتی ہے' اس سلسلے میں جاری کیا گیا حکم نامہ واپس لیا جائے تاکہ وہ بھی اس عوام دوست یا جسے آپ ملازم دوست بجٹ کہتے ہیں' سے فائدہ اٹھا سکیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سید ہدایت اللہ شاہ۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: جناب والا! میں اپنے point of order پر دو باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ جو کچھ فرحت اللہ بابر صاحب اور پروفیسر خورشید صاحب نے کہا ہے' میں اس کی حمایت کرتا ہوں۔ جناب والا! بہت ساری agencies لوگوں کو اٹھا کر لے جاتی ہیں اور چھ چھ ماہ سے بھی زیادہ عرصہ گزر جاتا ہے اور ان کے لواحقین کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ کہاں ہیں۔ اس صورت حال پر ان کی ساری برادری اور لواحقین پریشان ہوتے ہیں۔ میرا اس بارے میں مطالبہ یہ ہے کہ اگر وہ واقعی مجرم ہیں تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ کم ازکم ان کی اولاد' برادری یا والدین تو پریشان نہ ہوں کہ وہ کہاں ہیں۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو agencies لوگوں کو اٹھا کر لے جاتی ہیں' یہ انسانی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ میرا مطالبہ ہے کہ جن لوگوں کو agencies اٹھا کر لے جاتی ہیں اور چھ چھ ماہ تک ان کا پتا نہیں

ہوتا ہے کہ وہ کہاں ہیں' ان کے والدین کو اطلاع کی جائے کہ وہ کہاں ہیں۔

جناب والا! میرا دوسرا point of order WAPDA کے بارے میں ہے۔ بہت ساری ایسی آبادیاں ہیں جہاں پر WAPDA نے بوسیدہ تاریں ڈالی ہوئی ہیں۔ اس کی وجہ سے یہ آبادیاں خطرات میں مبتلا ہیں۔ آپ کی وساطت سے میں WAPDA کے حکام سے مطالبہ کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں جہاں بوسیدہ تاریں ہیں' ان کو تبدیل کیا جائے۔ بالخصوص مانسہرہ میں بہت ساری آبادیاں ایسی ہیں جن پر واپڈا والوں نے تاریں بچھائی ہیں' وہ پرانی تاریں ہیں۔ واپڈا والوں کے کام سے عوام مطمئن نہیں ہیں۔ میرا آپ سے مطالبہ ہے کہ پرانی تاروں کو تبدیل کر دیا جائے اور بالخصوص جہاں جہاں پر آبادی ہے وہاں سے تاروں کو ہٹا دیا جائے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ۔ جناب عزیز اللہ صاحب۔

RE: COVERAGE OF SENATE PROCEEDINGS BY PTV.

سینیٹر عزیز اللہ سانگرئی، جناب چیئرمین! مہربانی۔ میں آپ کی توجہ پی ٹی وی کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ پی ٹی وی ہمارے پاکستان میں خان صاحب ہے۔ جناب! آج مسلسل چوتھا پانچواں دن ہے' ہمیشہ قومی اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی دکھاتے ہیں اور سینیٹ کو چھوڑ دیتے ہیں۔ رات بھی انہوں نے گیارہ بجے تک نہیں دکھائی' اس سے پہلے بھی نہیں دکھائی' دن میں نیوز چلاتے ہیں اور قومی اسمبلی میں اگر پچیس تیس ممبر ہوتے ہیں تو ان کو بھی دکھاتے ہیں۔ کیا ہمارا ہاؤس' ہاؤس نہیں ہے۔ میں آپ سے جو گزارش کرنے والا ہوں وہ یہ ہے۔ اس سے پہلے بھی ان کی توجہ مبذول کروائی گئی ہے لیکن ان کا قبلہ درست نہیں ہو رہا ہے۔ آپ مہربانی کریں اور ان کو تنبیہ کریں' یا ruling دیں کہ کم از کم سینیٹ ایوان بالا ہے اس کا خیال وہ ضرور رکھیں۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Do we have any Minister for state?

آپ ناراض کیوں ہو جاتے ہیں۔ ابھی سانگرئی کی بات ہو رہی ہے۔ آپ ایسے ہی ناراض ہو جاتے ہیں۔ آپ تشریف رکھیے۔

I am just wandering if there is anybody from the Government side to take

up this issue. This has been said umpteen times on the floor of this House. It is ignored umpteen times. Would any minister want to take it up.

Miss Anisa Zaib Tahirkheli (Minister of State for Information and Broadcasting): Thank you. Mr. Chairman, I just noted the concern of the honourable member but my personal view and information is that Senate is being given due projection and the live coverage of some events are also being telecast. I will make sure and I will ask the officials to find out what is the proportion of Senate being shown on the PTV as compared to the National Assembly and I can put up this status.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، Just a fair comment. اب میں درخواست کروں گا جناب صفدر عباسی صاحب سے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! پروفیسر خورشید صاحب نے یہاں پر privilege motion کے بارے میں بات تھی۔ میں اسی کی تائید کرتے ہوئے ایک نہایت ہی اہم privilege motion کے بارے میں بات کروں گا جس پر تقریباً بارہ ممبران کے دستخط ہیں۔ وہ چھ جون کو move ہوا ہے اور اس میں بڑا اہم پوائنٹ اٹھایا گیا ہے کہ معزز ڈیفنس منسٹر صاحب نے نامعلوم وجوہات کی بنا پر کمیٹی میں آنے سے انکار کر دیا ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی طور پر پارلیمان کی روایات کے خلاف ہے۔ میری درخواست ہوگی کہ kindly جس طرح آپ نے پروفیسر صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر پر directive دیا تھا اس privilege motion کو بھی دیکھیں۔

Mr. Presiding Officer: Let this also be tend down.

RE: DETENTION OF A MPA, SINDH ASSEMBLY.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، دوسری میری چھوٹی سی عرض ہے۔ کل بات ہوئی تھی زاہد بھرگڑی صاحب ایم پی اے جو سندھ اسمبلی سے ہیں، ان کے بارے میں میں نے کل

بات کی تھی۔ میں اس کو repeat نہیں کرنا چاہتا۔ وزیر داخلہ بیٹھے ہوئے ہیں اگر وہ مہربانی کریں اور اس کے بارے میں ہمیں اطلاع دیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (وزیر مملکت برائے داخلہ)، جناب! جیسا کہ کل میں نے وعدہ کیا تھا Home Department سے بات کی گئی تھی اور جو اطلاعات ہیں وہ میں بتا دیتا ہوں۔ جناب! سندھ Home Department کی طرف سے یہ بتایا گیا ہے کہ ان پر 7D(88), 38 Explosive Act اور 427 ppc کے تحت تین مقدمات ہیں۔ ان کو Anti-Terrorist Court کے سامنے produce کیا گیا تھا جس کی طرف سے ان کو سات دن کے ریمانڈ کے لئے پولیس کے حوالے کیا گیا ہے from 14 to 21st. یہ information latest ہے جو ادھر سے آئی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، یہ ساری sketchy information ہے۔ میں آپ کو صرف یہ بتاتا چلوں کہ یہ ایک کیس ہے۔ بے شک انہوں نے تین دفعات لگائی ہیں اور وہ کیس جہاں پر زاہد بھرگری---- پہلی بات تو یہ ہے کہ زاہد بھرگری گرفتار ہوئے ہیں میاں رضا ربانی کی میٹنگ کے بعد۔ تقریباً دس منٹ کے اندر انہوں نے فون کر کے بتایا کہ مجھے arrest کر لیا گیا ہے۔ Incident کی جو جگہ وہ بتا رہے ہیں اس سے زاہد بھرگری کا کوئی تعلق نہیں ہے، وہ حیدرآباد میں رہتے ہیں۔ یہ واردات سن میں ہوئی ہے جو کہ تقریباً اسی میل حیدر آباد سے دور ہے۔ وہاں پر چار بندوں کے خلاف پولیس والوں نے ایف آئی آر کاٹی ہے ان کو حیدر آباد سے گرفتار کیا گیا ہے اور دکھا اس کیس میں رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ worst form of political victimization ہے جو کہ سندھ کے اندر کی جا رہی ہے۔ ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ میں نے کل بھی آپ کو یہ بتایا تھا کہ blind, folded court میں پیش کیا گیا ہے۔ ہتھکڑیاں لگا کر پیش کیا گیا ہے۔ ایک صوبائی اسمبلی کے ممبر کو ہتھکڑیاں لگا کر آپ پیش کریں گے، اگر آپ پارلیمنٹرین کے ساتھ اس طرح کا رویہ رکھیں گے تو آپ سے کیا توقع کر سکتے ہیں کہ آپ کسی اور کے ساتھ کس طرح کریں گے۔ یہاں پر باتیں بہت ہو رہی ہیں آپ نے بھی رولنگ دی۔ پولیس کی بے حسی کی وجہ یہی ہے کہ جو اراکین اسمبلی، جو عام سیاسی کارکن ہیں ان کے ساتھ جو سلوک ہوتا ہے، ان کا کچھ نہیں کر پاتے۔ 16 اپریل کا واقعہ ہے تقریباً 50 MNAs اور

سینیٹرز کے خلاف لاہور میں جو کچھ ہوا وہ سب کے سامنے ہے۔ عورتوں کو جس طرح گھسیٹا گیا وہ آپ کے سامنے ہے۔ آج تک ان کے خلاف کچھ نہیں ہوا' Anti-Terrorist Act کی دفعہ ان کے اوپر لگائی گئی۔ آج تک ہمارے privilege motions pending ہیں کوئی ان کی شنوائی نہیں ہے۔ جب آپ ہماری یہ حالت کریں گے تو پولیس بے حس ہوگی۔ پھر وہ جو اپنے political masters ہیں ان کے کہنے کے مطابق چلے گی۔ یہی کچھ حیدر آباد میں ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ خدا کے واسطے sketchy information نہ دیں۔ کم از کم ان کو کہیں کہ it is a wrong case.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، عرض یہ ہے کہ---

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, it is related with this before the ruling comes.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اچھا ٹھیک ہے، چلیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! مجھے نہایت افسوس سے یہ بات کہنی پڑتی ہے and a shiver goes down my spine کہ اگر وفاقی وزیر داخلہ کو اتنی sketchy information ایک صوبائی حکومت دے رہی ہے جبکہ انہوں نے ایک بڑی لمبی داستان Speaker, Sindh Assembly کو دی ہے تو اس سے mala fide intention صوبائی حکومت کی کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ جناب چیئرمین! وہ information جو انہوں نے Speaker کو دی ہے' وہ اس وقت میرے دفتر میں ہے' میں ابھی منگوا کر اس کو on the record of the House رکھوں گا لیکن اگر آپ مجھے دو منٹ دیں اور میں آپ کو اس کا gist بتاؤں تو آپ خود یا یہ ایوان خود اس بات کا جائزہ لے گا کہ اس میں کتنی صداقت ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جناب---

Mr. Presiding Officer: Can I interrupt you here? Whereas I am with you 150%. We are in House.

آپ راستہ بتائیں' کوئی تجویز دیں تاکہ اس کے متعلق ہم سوچیں within the perimeters of this House.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! یہ تو sheer victimization ہے۔ آپ اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں جو اس matter کو take up کرے اور دیکھے۔ میں آپ سے عرض کر رہا ہوں جناب چیئرمین! کہ زاہد بھرگری میرے ساتھ 12 تاریخ کو ایک Workers Convention جو All Pakistan Trade Union Association نے بلایا تھا اس میں میرے ساتھ موجود تھا۔ ساڑھے نو بجے کے قریب انہوں نے حیدرآباد سے مجھے رخصت کیا اور میرا خیال ہے مشکل سے 15 یا 20 منٹ گزرے ہوں گے، میں اس وقت سپر ہائی وے پر تھا اور مجھے اطلاع مل گئی کہ زاہد بھرگری کو arrest کر لیا گیا ہے اور A Section کے پولیس سٹیشن میں انہیں رکھا گیا ہے۔ اس کے بعد ایک private TV channel نے ان سے رابطہ کیا cell phone پر، انہوں نے confirm کیا کہ میں arrested ہوں لیکن وجوہات مجھے ابھی تک نہیں بتائی گئیں اور میں فلاں پولیس سٹیشن میں موجود ہوں۔ یہ ان کی live conversation private TV channel پر آئی۔ اب کہانی دی گئی ہے کہ 12 تاریخ کو سن کے قریب ایک high tension pole کو explosives سے اڑایا گیا اور جب اس کو explosives سے اڑایا گیا تو pole کو نقصان نہیں ہوا اور وہاں سے پولیس نے 4 آدمیوں کے قدموں کو اٹھایا ہے اور ان قدموں کو trace کرتے ہوئے ایک ریلوے سٹیشن پر پہنچے ہیں اور ریلوے سٹیشن پر پہنچ کر وہ tracks disappear ہو گئے ہیں۔ پھر پولیس وہاں پر بیٹھی رہی ہے اور 13 تاریخ کی صبح چار بجے انہوں نے دیکھا کہ چار آدمی river کو جو وہاں سے کچھ فاصلے پر ہے cross کر رہے ہیں۔ جب ان کو پکڑنے کے لیے گئے تو ان میں سے تین آدمی بھاگ گئے اور ایک آدمی جو کہ زاہد بھرگری تھا وہ پکڑا گیا۔ اب آپ مجھے بتائیں جناب چیئرمین! کہ یہ کہانی اتنی بھونڈی ہے کہ خود چلا چلا کر کہہ رہی ہے کہ یہ mala fide ہے، یہ political victimization ہے اور یہ کہانی دی گئی ہے سپیکر کو۔ جناب والا! سوائے اس کے کہ

the honourable General Secretary of the ruling party is also siezed of it what conversation transpired, I will not say on the floor of the House because that was a privileged conversation, I willl not say that.

لیکن یہ سراسر political victimization ہے میری آپ سے استدعا یہی ہوگی کہ یہ ایک کیس

نہیں ہے۔ غلام قادر چانڈیو جو اس ہاؤس کا ممبر رہ چکا ہے' جو اس وقت MPA ہے' اس کے ساتھ بھی بالکل یہی صورتحال پیش آئی۔ اس کو kidnapping کے ایک جھوٹے مقدمے میں پکڑا گیا۔

The so called kidnapped, came to court and made a statement that I have not been kidnapped, Chandio is not involved in my kidnapping, he was granted bail and before he could be released, he was rearrested in another case of theft. Same is the case with Shamim Ara Qamar, another MPA from Sindh, Chandio is also MPA from Sindh, similar is the case with Humaira Almani, another MPA of Sindh. This is all leading up to pre-poll rigging of the local bodies elections that are coming. If you don't want political parties or political forces to take part in the elections then say so, nominate your people through an ordinance and have them declared as Nazims and Naib Nazims. But stop this reign of terror that you have started. So, therefore, I would request you sir, since you ask for an alternative, the best alternative would be let the Human Rights Commission and let the Standing Committee on Human Rights, let this matter be referred to them by the House and let it take this issue up.

Mr. Presiding Officer: I think, can I say some....

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: Sir, یہ بہت اہم matter ہے۔ میری عرض سنیں۔ میرے پاس کم از کم 8 آدمیوں کی list ہے۔ میں صرف اس میں add کر لوں۔ اس سے پہلے کہ آپ ruling دیں۔

Mr. Presiding Officer: You are giving an anticlimax to a debate. Please don't do it.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: Sir, میں anticlimax نہیں دینا چاہ رہا۔ آپ اپنی جگہ

بات ضرور کریں لیکن سندھ کے اندر جو reign of terror ہے جو کہ رضا ربانی صاحب نے point out کیا ہے۔ میں ان کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اس وجہ سے کہ ہم ایک province کو represent کرتے ہیں۔ اس province کے اندر آج جناب صورتحال یہ ہے اور اس چیز پر میں دعوٰی کرنا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس چیز کو آپ consider کریں جب آپ ruling دیں۔ سندھ کے اندر اس وقت reign of terror ہے۔ ارباب غلام رحیم سمجھتا ہے کہ وہ کوئی بڑی چیز ہے۔ اس نے اپنے حلقے کے اندر کم از کم 8 بندوں کو بغیر کسی وجہ کے arrest کروایا ہے۔ یہ جو pre-poll rigging کی بات رضا ربانی صاحب نے کی ہے وہ بغیر وجہ کے نہیں۔ ایک ہمارا موہن لعل جو وہاں یونین کونسل کا ناظم ہے وہ بغیر کسی جرم کے جیل میں پڑا ہوا ہے۔ اس کا بھائی وہاں سے MPA تھا کیونکہ وہ ان کے علاقے سے belong کرتا ہے، کیونکہ وہ اپنے حلقے سے ہر چیز کو تہس نہس کرنا چاہتا ہے۔ .He has been arrested ایک مہینہ گزر گیا اور کوئی شنوائی نہیں ہے۔ محمد خان لنڈ ایک بزرگ آدمی ہے اور اس کے ساتھ والے گاؤں سے تعلق رکھتا ہے ایک مہینہ پہلے arrest ہوا ہے۔ وہ سماجی کارکن ہے۔ اس کا کوئی اتا پتا نہیں ہے کہ وہ کیوں arrest ہوا ہے۔ جام ساقی ایک Human Rights activist ہے وہ وہاں پر تحقیق کرنے جاتا ہے کہ حلقے کے اندر کیا ہوا ہے؟ اس کو اور اس کی بیوی کو بھی arrest کر لیا جاتا ہے۔ ارباب مراد علی ایک وکیل ہے۔ ۷۰ سال کا آدمی ہے۔

Mr. Presiding Officer: I think, this is totally undoable. I think, what I am pointing out probably can't be implemented.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، نہیں sir, کیس بھی بنائے جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ ایسے ہی ہو رہا ہے۔ میں آپ سے عرض کر رہا ہوں kindly جو سندھ کے اندر ہو رہا ہے ہمیں اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ بڑی مہربانی جناب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، نہیں، نہیں۔ میں آپ سے گزارش کر رہا تھا کہ once you cluster problems, you can't find a solution.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, we are not clustering the problems, we are talking with reference to the members of the Provin[...] Assembly. I would therefore, humbly request you again that you kindly have this matter referred to the Standing Committee on Human Rights.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، ایسا کرتے ہیں --- You kindly give me the list of members of Parliament.

Senator Mian Raza Rabbani: These are four names that I have.

Mr. Presiding Officer: Alright. The cases of these members of Parliament are referred to the Human Rights Committee who would look into the matter in accordance with the rules.

Senator Mian Raza Rabbani: Thank you sir.

Mr. Presiding Officer: I am sorry I did not mean to hurt you, Abbasi Sahib.

لیکن یہ unusual ہو جاتا ہے If you make the number too huge. آپ درست کہہ رہے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں آپ کو کچھ نہیں کہہ رہا، میں صرف ایک چیز کو record پر لانا چاہتا ہوں۔ یہ میرا فرض ہے ۔بحیثیت ایک province کو represent کرنے کے حوالے سے، بحیثیت ایک political party کو represent کرنے کے حوالے سے، بحیثیت اس ہاؤس میں بیٹھنے کے حوالے سے، جو کچھ آج سندھ میں ہو رہا ہے، میں نے تو آپ کو صرف چند examples دی ہیں ۔ میں بالکل motion move کروں گا کہ یہاں پر سندھ کے issue پر debate ہونی چاہیے کہ سندھ میں کیا ہو رہا ہے ۔ اور As a representative of the four provinces of Pakistan ہمیں یہ چیز اٹھانی چاہیے، میں صرف آپ کے notice میں لانا چاہتا تھا

جو کچھ سندھ کے اندر اس وقت ہو رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ایک منٹ بیٹھئے، تشریف رکھئے۔ میں یہ کہنے والا تھا کہ جب تک آپ موضوع کے متعلق بات نہیں کریں گے اس وقت تک ایم پی اے کے ساتھ یہ ہوتا رہے گا۔ اگر ہم اسی انداز میں عام آدمی کی بات کریں گے تو پھر یہ رکے گا otherwise نہیں رکے گا۔ We will only react. Sorry, now we come on to....

سینیٹر کامل علی آغا، اگر آپ دیکھیں کہ رپورٹ ایسی ہے کہ اس کو Human Rights Committee کے سپرد کیا جائے، کوئی violation نظر آ رہی ہے تو میرے خیال میں that will be the proper way. The Minister is here. آپ ان کو کہہ دیں---

Mr. Presiding Officer: The Minister has been apologetic saying that this is information that he can give and no more. Therefore I think.....

Senator Dr. Shehzad Wasim: Sir, point of personal explanation. I am not appologetic and I did not say that I can not give any more informations. What I told you and the House is that these are the facts and case is in front of the court. The court has given a remand. I am in no position to comment on the circumstances. I am nobody, I was not there. So, it is upto the court and all the members have the right to express their sentiments. This is not.... Revise your rulig over it.

سینیٹر کامل علی آغا، یہ معاملہ بھی چونکہ صوبائی ہے۔ اس لئے یہ رپورٹ منگوائیں۔

Mr. Presiding Officer: I will now request Prof. Ibrahim Sahib to please take the floor.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! ایک اہم مسئلے کے طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ 21 مئی سے 30 مئی تک MMA کے

دوستوں کے مشترکہ دستخطوں سے تقریباً آٹھ adjournment motions ہیں اور تقریباً MMA کے سبھی دوستوں کے مختلف motions پر دستخط ہیں لیکن ابھی تک ان میں سے کوئی بھی Adjournment Motion floor پر نہیں آئی۔ میری یہ درخواست ہو گی کہ ہمیں بتایا بھی جائے اور ان motions کو floor پر لایا جائے۔

